تبصرہ نگار: ح۔ح

تعارف وتبصرہ

تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے ارسال کرنا ضروری ہے۔ پمفلٹ نما کتابچوں پر تبصرہ نہیں کیا جائے گا۔ ـــــــ (ادارہ)

۱.....**علامات ترقیم اور ہمزہ لکھنے کے قواعد**، تالیف: مولانا الیاس احمد، ناشر: مدرسۃ العلوم فاروقیہ، ساکہ کھاریاں، ضلع گجرات، صفحات: ۴۸،

عصر حاضر میں املاء وترقیم نے ایک باقاعدہ فن کی صورت اختیار کی ہے، چنانچہ یورپ اور عرب ممالک کی اسلامی کلیات اور عصری درس گاہوں میں اسے باقاعدہ فن کی حیثیت سے پڑھایا جاتا ہے۔ املاء وترقیم (رموزِ اوقاف) کی رعایت کرنے سے جہاں پڑھنے والا عبارت کے اصل معنی اور مفہوم تک کسی دقت کے بغیر رسائی حاصل کر لیتا ہے، وہاں اس اصول کی رعایت سے محرّر کے ذوقِ سلیم اور زبان وادب کے جدید تقاضوں سے واقفیت کا اندازہ بھی ہوتا ہے، بدقسمتی سے ہمارے مدارس میں علماء اور طلباء کی ایک قابلِ لحاظ تعداد اس فن سے ناواقف ہے، مولانا الیاس احمد (سابق استاذ جامعہ فاروقیہ) نے ان کی سہولت کے لیے زیرِ تبصرہ کتاب تالیف کی ہے جس میں انہوں نے آسان پیرایہ میں املاء وترقیم اور ہمزہ لکھنے کے اصول بیان کیے ہیں۔

۲.....**تقاریر سیرت النبی صلی اللہ علیہ وسلم**، تصنیف: حضرت مولانا مجاہد الاسلام قاسمی رحمۃ اللہ علیہ، ناشر: ادارۃ القرآن، گارڈن ایسٹ، لسبیلہ کراچی، صفحات: ۱۵۹، سائز: ۲۳×۳۶=۱۶

زندہ دلانِ ''بنگلور'' (بھارت) نے ایک زمانہ میں ہندوستان کے ممتاز علماء اور دانشوروں کے خطبات کا ڈول ڈالا تھا، ان میں مولانا سید سلیمان ندوی جیسی قد آور شخصیت بھی شامل تھی، مولانا مرحوم نے ایک عرصہ تک سیرت کے مختلف پہلوؤں پر سلسلہ وار خطبات پڑھے، ان کے بصیرت افروز خطبات کو لازوال پذیرائی حاصل ہوئی، خطبات کا مجموعہ بعد میں ''خطبات مدراس'' کے نام سے کتابی صورت میں شائع ہوا اور مختلف زبانوں میں اس کا ترجمہ بھی ہوا۔

بنگلور، مدراس سے چند میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ ۱۹۹۷ء سے یہاں کے اہلِ ذوق نے بھی سیرت نبویؐ پر خطبات کی طرح ڈالی، اس سلسلے میں ان کی نگاہِ انتخاب سب سے پہلے، مشہور عالمِ دین فقیہ النفس حضرت مولانا مجاہد الاسلام قاسمی رحمہ اللہ پر پڑی۔ مولانا مرحوم نے ایک ایسے اجتماع سے جس میں قدیم وجدید ہر دو مکتب فکر سے تعلق رکھنے والے مختلف الخیال

خواتین وحضرات کی ایک بڑی تعداد شریک تھی، آیۂ رحمت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوۂ حسنہ پر، مختلف نشستوں میں، نہایت پُر اثر اور ولولہ انگیز خطاب کیا۔ ان خطبات میں مولانا مرحوم نے سیرت کے موضوع پر جس مفکرانہ انداز میں روشنی ڈالی اور سیرت کے جن اچھوتے پہلوؤں کو اُجاگر کیا ہے، اس سے فقہ الاحکام کے ساتھ سیرت نبویہ میں بھی ان کے وسیع مطالعہ اور غیر معمولی نکتہ رسی کا اندازہ ہوتا ہے۔

زیر تبصرہ کتاب مولانا مجاہد الاسلام قاسمی نور اللہ مرقدہ کے پانچ خطبات کا مجموعہ ہے، حقیقت یہ ہے کہ ان خطبات میں سیرت کے ایسے پہلوؤں سے روشناس کرایا گیا ہے جن کی طرف عام طور پر توجہ نہیں دی جاتی۔ ہندوستان میں پہلی بار اس کتاب کو "مجمع الفقه الاسلامی الهند" نے ''خطبات بنگلور'' کے نام سے قابل رشک طباعت کے ساتھ شائع کیا تھا، یہ ہندوستانی نسخہ راقم کی نظر سے گذرا ہے۔ اب اسے پاکستان میں ادارہ القرآن نے شائع کیا ہے، کتاب کی جلد بندی مضبوط اور کاغذ ادنیٰ درجہ کا ہے۔

۳..... **غنیۃ الطالبین**، مصنف حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ، ناشر: المیزان، الکریم مارکیٹ اُردو بازار لاہور، صفحات: ۶۶۷، سائز: ۲۰×۳۰=۸

حضرت شیخ عبدالقادر محتاج تعارف نہیں، جلیل القدر عالم دین اور اپنے وقت کے شیخ کامل تھے، ان کے مواعظ وتصانیف میں بلا کی اثر انگیزی ہے، بغداد اور عراق کے ملحقہ ممالک کے ہزاروں مخلوق خدا نے ان سے کسب فیض کیا، زیر تبصرہ کتاب ''غنیۃ الطالبین'' انہی کی تالیف ہے، جس میں اسلامی احکام، عبادات اور آداب پر تفصیل سے روشنی ڈالی گئی ہے، اس مبحث میں کودنے کی ضرورت نہیں کہ فضائل اور ترغیب وترہیب سے متعلق اس کتاب میں درج روایات کی سنداً ومتناً کیا حیثیت ہے؟ کہ یہ ایک مستقل موضوع ہے۔

کتاب کے صفحہ اول کی پیشانی پر ناشر نے ''عصر حاضر کے جدید تقاضوں سے ہم آہنگ'' جیسا بلند بانگ دعویٰ تحریر کر کے معیار طباعت کی دھجیاں بکھیر دی ہیں۔ کتاب کی طباعت ناقص معیار کی چغلی کھا رہی ہے۔ دس دس صفحات کی مسلسل عبارت میں قاری کو ایک بھی پیراگراف نظر نہیں آتا، نہ ہی مترجم کتاب کے نام کی تصریح کی گئی ہے۔ بفرض المحال اگر صاحب ''اصول الشاشی'' کی طرح مترجم نے اپنا نام ظاہر نہیں بھی ہونے دیا تو کم از کم اس امر کی صراحت کر دی جاتی!! اُمید ہے کہ آئندہ ایڈیشن میں ان خامیوں کی تلافی کر دی جائے گی۔

۴..... **مناجات انبیاء** (اُدعیۃ الانبیاء فی القرآن)، مؤلف: مولانا محمود حسن محمود، ناشر: المیزان، الکریم مارکیٹ اردو بازار لاہور، صفحات: ۲۲۶، سائز: ۲۳×۳۶=۱۶

جیسا کہ نام سے ظاہر ہے اس کتاب میں مؤلف نے قرآن میں وارد انبیاء علیہم الصلاۃ والسلام کی دعائیں نقل کی ہیں، نیز انبیاء کرام کا تعارف، ان کے معجزات اور اصلاحی کوششوں پر بھی روشنی ڈالی ہے۔ دعا مانگنے کے آداب بھی تفصیل کے ساتھ نقل کر دیئے ہیں۔ کتاب کی طباعت معیاری اور کاغذ متوسط درجہ کا ہے۔☆☆☆